Manchester University
NHS Foundation Trust

این ایچ ایس
مانچسٹر یونی ورسٹی
این ایچ ایس فاؤنڈیشن ٹرسٹ

سینٹ میریز ہاسپٹل
گائناکالوجی خدمات

معلومات برائے مریض

# آپ کی کولپو سکوپی کے متعلق

## سینٹ میریز ہاسپٹل آکسفورڈ روڈ کیمپس اور سینٹ میریز @ٹریفورڈ ہاسپٹل میں خوش آمدید

یہ صفحہ آپ کو مدد کے متعلق کچھ عمومی معلومات دیتا ہے ان سوالات کے جوابات دینے کے لیے جو آپ پوچھ سکتے ہیں۔ یہ ایک راہنماء کے طور پر ہے اور آپ کے لیے اپنی دیکھ بھال اور علاج سے متعلق اپنے ڈاکٹر یا نرس سے بات کرنے کا موقع ہے۔جو ہو رہا ہے اس کے متعلق جان کر ہمیں امید ہے کہ آپ کم فکر محسوس کریں گے جب آپ ہمارے کلینیک آئیں گے۔

### مجھے علاج کی کیوں ضرورت ہے؟

آپ کے حالیہ کولپو سکوپی/سمئیر معائنے کے بعد آپ کو نصیحت کی گئی کہ آپ کو اپنے سروکس کے خراب خلیوں کے علاج کی ضرورت ہے۔ اس کا یہ مطلب **نہیں** کہ آپ کو سرطان ہے لیکن خلیوں میں ایسی تبدیلیاں پیدا ہو رہیں جو کہ **قبل از سرطان** ہیں۔ اس حالت کو CIN (سرویکل انٹرا ایپی تھی لئیل نیو پلاسیا) کہتے ہیں۔

CIN کے تین درجے ہیں: 1، 2 اور 3۔ جب آپ کلینیک میں آئیں گی تو آپ سے آپ کے نتائج کے متعلق بات کی جائے گی۔
علاج کا مقصد تمام خراب خلیوں صحت مند ریشوں کو کم سے کم نقصان پہنچا کر ختم کرنا ہے۔

INVESTORS IN PEOPLE
disability confident

## کون سے علاج دستیاب ہیں؟

ذیادہ تر علاج بطور آؤٹ-پیشنٹ کیے جاتے ہیں۔

اس کلینیک میں استعمال کیے جانے والے علاج کے تین طریقے ہیں:

### 1. لوپ ڈایا تھرمی ایکسی ژن

اس تکنیک میں سروکس سے خراب خلیوں کو ختم کرنے کے لیے ایک برقی طریقے سے گرم کردہ تار کا استعمال کیا جاتا ہے۔ پھر ریشے کا حصہ تجربہ گاہ بھیج دیا جاتا ہے تا کہ پتا چلے کہ تمام خراب خلیے ختم ہو گئے ہیں۔

### 2. لیزر ایب لیشن

سروکس کے علاج ہونے والے حصے پر لیزر کی ایک شعاع لگائی جاتی ہے۔ لیزر کی توانائی ریشے کو خراب خلیوں کو مکمل ختم کرتے ہوئے بحارات میں بدل دیتی ہے۔ لیزر کی شعاعوں سے آنکھوں کو بچانا لازمی ہے اس لیے آپ اور نرس اس دوران عینک لگائیں گے۔

### 3. کولڈ کو اگو لیشن/ بال ڈایا تھرمی

اس میں ایک گرم شدہ آلہ استعمال کیا جاتا ہے جو خراب خلیوں کو ختم کرنے کے لیے سروکس پر رکھا جاتا ہے۔

آپ کی کلوپو سکوپی کرنے والا آپ سے اس متعلق بات کرے گا کہ آپ کے لیے موزوں ترین علاج کون سا ہے اور یہ آپ کے انفرادی کیس پر منحصر ہے۔

اگر حمل کا خطرہ ہو تو علاج نہیں کیا جا سکتا ہے اس لیے براہ کرم قابل اعتماد مانع حمل طریقہ استعمال کریں یا اپنے علاج سے پہلے جماع سے گریز کریں۔

## کیا ہو گا جب میں علاج کے لیے آؤں گی؟

علاج کلوپو سکوپی کے معائنے سے بہت ذیادہ مشابہ ہے جو کہ آپ نے پہلے ہی کروایا ہوا ہے۔ اصل علاج میں 10 سے 20 منٹ لگتے ہیں لیکن آپ کو کم از کم آدھ گھنٹہ نکالنا ہے۔

آپ اپنے ساتھ دوست، ساتھی یا رشتہ دار کو لا سکتی ہیں اور وہ اگر آپ چاہیں تو وہ پورے عمل میں آپ کے ساتھ رک سکتا/سکتی ہے۔

آپ کو ایک اکیلے کمرے میں کمر سے نچلے حصے سے لباس اتارنے کا کہا جائے گا (آپ سکرٹ پہنے رکھ سکتی ہیں)۔ کیوں کہ علاج شروع ہونے سے پہلےایک مقامی بے ہوشی کی دوا دی جاتی ہے، علاج نسبتاً بغیر درد کے ہوتا ہے۔

استعمال کیا جانے والا مقامی بے ہوشی کا محلول آکٹا پریشن کے ساتھ سیٹا نسٹ 3% کہلاتا ہے اور وہی بے ہوشی کی دوا ہے جو دندان ساز استعمال کرتے ہیں۔ حالیہ یہ دوائی سروکس پر استعمال کے لیے لائسنس یافتہ نہیں ہے لیکن یہ بہت ذیادہ استعمال ہونے والی دوا ہے اور اس مقصد کے لیے استعمال ہونے والی دوا کے طور پر مانا جاتا ہے۔

آپ علاج کے بعد گاڑی چلا سکتی ہیں ماسوائے اس کے کہ آپ کو کلوپو سکوپسٹ کچھ اور کہے۔

## معائنے کے بعد کیا ہوتا ہے؟

ہماری تجویز ہے کہ اگر ہو سکے تو ایک دن کام سے چھٹی کریں۔ آپ شاید بالکل ٹھیک محسوس کریں گی لیکن کچھ خواتین کو کچھ دیر کے لیے ہلکی بے ہوشی محسوس ہوتی ہے۔ آپ کو ماہواری جیسا درد بھی ہو سکتا ہے؛ یہ علاج کے نتیجے میں بچہ دانی کا سکڑنا ہے۔یہ تجویز ہے کہ آپ وہی درد کش دوائی لے لیں جو کہ آپ ماہواری کے درد کے لیے لیتی ہیں۔

علاج کے بعد 2 سے 4 ہفتوں کے پانی کے ضیاع کے بعدسرخ/بھورا محلول خارج ہو سکتا ہے۔ یہ اخراج بہت ذیادہ یا سخت نہیں ہونا چاہیے؛ اگر ایسا ہو تو یہ انفیکشن کی علامت ہے اور آپ کو کلینیک سے رابطہ کرنا چاہیے۔

انفیکشن کا خطرہ کم کرنے کے لیے 4 ہفتوں تک ٹیمپن اور ماہواری والے کپ کا استعمال مت کریں اور سروکس کا زخم بھرنے دیں؛ صفائی والے پیڈ کا استعمال کریں۔

علاج کے بعد 4 ہفتوں تک جماع سے گریز کریں، اتنے وقت میں سروکس مکمل طور پر ٹھیک ہو گیا ہو گا۔

یہ تجویز ہے کہ علاج کے بعد 2 ہفتوں تک تیراکی سے گریز کیا جائے۔ آپ کو معمول کی طرح نہانا ہے لیکن ٹالکم پاؤڈر، وجائنل ڈیوڈرنٹس، ذیادہ خوشبو والے صابن اور باتھ، بشمول بلبلے والے باتھ کے استعمال سے گریز کریں کیوں کہ یہ جلن پیدا کر سکتا ہے اور انفیکشن کا خطرہ ذیادہ کر سکتا ہے۔

آپ باقی عمومی سر گرمیاں بشمول ہلکی کثرت جاری رکھ سکتی ہیں۔

خون بہنے اور/یا انفیکشن کے خطرے کے باعث ہماری تجویز ہے کہ علاج کے بعد 4 ہفتوں تک آپ باہر کے ملک یا لمبے راستے کا سفر نہ کریں۔

## نتائج

اگر ضرورت ہوئی تو نتائج اور اس کے بعد ایک ملاقات آپ سے کی جائے گی تحریری طور پر، عموماً علاج کے بعد 6 ہفتوں کے اندر۔ براہ کرم ذہن نشین کر لیں کہ اس وقت تک عموماً نتائج دستیاب نہیں ہوتے۔

## حاملہ ہونے کے متعلق کیا؟

علاج آپ کے مستقبل کے حاملہ ہونے کی صلاحیت پر اثر انداز نہیں ہو گا اور نہ ہی حمل گرنے کے خطرے کو ذیادہ کرے گا۔ تاہم، ایسی خواتین جن کا لوپ ایکسی ژن یا کون بائیوپسی ہو ان میں قبل از وقت زچگی کا ہلکا سا خطرہ بڑھ جاتا ہے۔ عمومی آبادی میں قبل از وقت زچگی کا خطرہ تقریباً 1% ہے۔ یہ خطرہ ان خواتین میں 3% تک بڑھ جاتا ہے جن کا ایکسی ژنل علاج جیسا کہ لوپ ایکسی ژن یا کون بائیوپسی ہو ۔ وہ خواتین جن کا دو یا اس سے ذیادہ مرتبہ لوپ ایکسی ژن یا کون بائیوپسی ہو تو عموماً حمل کے دوران وہ حمل کے ماہر کو قبل از وقت زچگی کے خطرے کا اندازہ لگانے کے لیے دکھاتی ہیں۔ وہ خواتین جو ان معیارات پر پورا اترتی ہیں اور سینٹ میریز ہسپتال کی دیکھ بھال میں ہیں انہیں سرویکل سکین کے لیے پری ٹرم لیبر کلینیک بھیجا جا سکتا ہے۔ یہ اہم ہے کہ خراب خلیوں کا مناسب طریقے سے علاج کیا جاتا ہے لیکن براہ کرم ذہن نشین کر لیں کہ مستقبل میں حاملہ ہونے پر غور کرنا احتیاط کا ایک اہم پہلو ہے۔

یہ تجویز ہے کہ تب تک انتظار کریں جب تک آپ کا علاج نہ ہو جائے کیوں کہ علاج حمل کے دوران نہیں ہو سکتا۔



## بعد میں

کئی ایک معاملات میں، علاج کے بعد چھ ماہ کے اندر آپ کو ہیومن پاپیلوما وائرس (HPV) ٹیسٹ کی ضرورت ہو گی جس کی ہم تحریری طور پر تصدیق کریں گے۔ یہ ویسے ہی کیا جاتا ہے جیسے کہ سمئیر ٹیسٹ ہوتا ہے۔ اگر یہ تجزیہ منفی(صحیح) ہوا تو آپ کو مستقبل میں مزید خرابیاں ہونے کا کم خطرہ ہے اور آپ عموم کا سرویکل سکریننگ (ہر 3 سال بعد) کروا سکتی ہیں۔

اگر HPV تجزیہ مثبت آیا پھر آپ کانمونہ دیکھا جائے گا اور اگر اس میں کوئی خراب خلیے ہوئے تو آپ کو کلوپو سکوپی تجزیہ کے لیے بلایا جائے گا۔ اس کا یہ مطلب نہیں کہ آپ کو مزید علاج کی ضرورت ہے۔

## آپ کی ملاقات

- اگر آپ کی ماہواری چل رہی ہے تو آپ نہ آئیں۔ براہ کرم کلینیک ٹیلی فون کریں اور کسی اور ملاقات کا کہیں۔
- اور آپ حاملہ ہیں یا آپ سمجھتی ہیں کہ آپ حاملہ ہیں تو اپنے ڈاکٹر یا نرس کو بتائیں۔
- یہ بھی مددگار ہو گا کہ اگر آپ اپنے ساتھ صفائی والا پیڈ لے کر آئیں۔
- یہ بہت اہم ہے کہ اگر آپ نہیں آ سکتیں تو ہمیں مطلع کریں تا کہ یہ ملاقات کسی اور کو دی جا سکے۔
- اگر آپ کا کوئی سوال ہو تو براہ کرم شعبے میں ٹیلی فون کریں اور عملے کا کوئی فرد آپ کی بخوشی مدد کرے گا۔

## رابطہ تفصیلات

ملاقات منسوخ/تبدیل کرنے کے لیے
(0161) 276 6365 (صبح 8:30 سے سہ پہر 3:00)

سیکرٹری
(0161) 701 6922/276 6387 (صبح 8:30 سے سہ پہر 5:00)

نرس کلوپو سکوپسٹ
(0161) 276 5485(صبح 8:30 سے سہ پہر 5:00)

ہنگامی گائنا کالوجی یونٹ
(0161) 291 2561

## فائدہ مند ذرائع

http://www.jostrust.org.uk